**فوری ریلیز کے لیے:** 2024/12/1 **گورنر *KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL کا زیرِ حراست افراد کو رہائی سے قبل ریاست کی جانب سے جاری شدہ IDS فراہم کرنے کے پروگرام میں توسیع کرنے کا اعلان***

***اقدام افراد کو معاشرے میں دوبارہ داخلے میں مدد دیتا ہے؛ ملازمت، خدمات اور رہائشی سہولیات میں حائل رکاوٹیں دور کرتے ہوئے جرائم کی دنیا میں واپسی کا امکان کم کرتا ہے***

گورنر Kathy Hochul نے اپنے تاریخی اقدام 'جیل سے جاب تک' کے تحت ایک پروجیکٹ میں توسیع کا اعلان کیا ہے جو محکمہ برائے اصلاحات و کمیونٹی کی نگرانی (Department of Corrections and Community Supervision) کی حراست سے رہا ہونے والے افراد کو نان-ڈرائیور ID کارڈز جاری کرتا ہے۔ یہ پروگرام اب ریاست کے زیرِ انتظام تمام کی تمام 43 اصلاحی سہولت گاہوں میں دستیاب ہے، جبکہ تاحال 700 سے زائد افراد کو نان-ڈرائیور ID کارڈز جاری فراہم کیے جا چکے ہیں۔

"بے داغ ماضی ایکٹ پر دستخط سے لے کر جیل سے جاب تک پروگرام قائم کرنے تک، میری انتظامیہ ماضی میں زیرِ حراست رہنے والے نیو یارک کے مکینوں کو واپس اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے اور معاشرے کے لیے کردار ادا کرنے میں ان کی مدد کرنے کے لیے پُرعزم ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہماری افرادی قوت، تعلیم اور نگہداشتِ صحت کے نظاموں میں شرکت کے لیے درست دستاویزات کا حامل ہونا بے حد اہمیت رکھتا ہے۔ یہ پروگرام نیو یارک کے ان ہزاروں مکینوں کی مدد کرے گا جنہوں نے درست راہ پر آنے کے لیے سماج کو اپنے حصے کا خراج ادا کیا ہے۔"

**ریاست نیو یارک میں DMV کمشنر Mark J.F. Schroeder نے کہا کہ،** "یہ ان بہت سے طریقوں میں سے محض ایک ہے کہ جن کے ذریعے سے گورنر Hochul نیو یارک کے تمام تر مکینوں کی زندگیاں بہتر بنانے کے لیے کوشاں ہیں اور جو ہر اس فرد کے لیے مزید مواقع فراہم کرتے ہیں کہ جو اس شاندار ریاست کو اپنا گھر کہتا ہے۔ رہائش حاصل کرنے، ملازمت اختیار کرنے اور بہت سی دیگر اہم مراعات کے لیے ایک بنیادی فوٹو ID درکار ہوتا ہے، لیکن ان افراد کے لیے کسی مدد کے بغیر اس کا حصول ایک اعصاب شکن امر ہو سکتا ہے جو قبل ازیں حراست میں رہ چکے ہیں۔ DMV ان خواتین و حضرات کی اپنی کمیونٹیز میں واپسی اور اپنی زندگیوں کو ایک مثبت رخ پر استوار کرنے میں مدد کرنے پر فخر محسوس کرتا ہے۔"

**ریاست نیو یارک میں محکمہ برائے اصلاحات اور کمیونٹی کی نگرانی کے قائم مقام کمشنر Daniel F. Martuscello III نے کہا کہ،** "محکمہ قبل ازیں زیرحراست رہنے والے افراد کی اپنی کمیونٹیز میں کامیابی کے ساتھ واپسی میں سہولت پیدا کرنے کے ذریعے تحفظِ عامہ میں اضافے کے ہمارے عزم پر پوری طرح کاربند ہے، اور ریاست کے جاری کردہ ID کارڈ نے اس عمل میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ ریاست نیو یارک کی تمام تر اصلاحی سہولت گاہوں تک اس اقدام کی توسیع ایک شاندار سنگ میل ہے۔ میں جیل سے جاب تک اقدام کے لیے گورنر کے عزم کو سراہتا ہوں اور اس اہم پروگرام میں محکمہ برائے موٹر گاڑیاں (Department of Motor Vehicles) کی مسلسل شراکت داری پر ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

گورنر Hochul کی 'جیل سے جاب تک' اقدام پروگرامز اور ریاستی اقدامات کے ایک سلسلے کو اپنے اندر ضم کرتا ہے جن کا مقصد قبل ازیں زیرِ حراست افراد کو تعلیم، وسائل اور نوکریوں پر تعیناتی کے لیے مواقع سے منسلک کرنے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، افرادی قوت میں ان کو دوبارہ ضم کرنا اور جرائم کی دنیا میں واپسی میں تخفیف کرنا ہے۔ قبل از رہائی ID پروگرام کو DMV کی جانب سے محکمہ برائے اصلاحات اور کمیونٹی نگرانی (Department of Corrections and Community Supervision، DOCCS) کے تعاون کے ساتھ چلایا جا رہا ہے۔ اس کا آغاز گورنر کی ہدایت پر اپریل 2022 میں ایٹیکا میں واقع ویومنگ کریکشنل فیسیلٹی اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی میں واقع ٹیکونک کریکشنل فیسلٹی اور بیڈفورڈ ہلز کریکشنل فیسلٹی سے کیا گیا تھا۔

سہولت گاہوں میں موجود DOCCS کا عملہ، ایک ID کارڈ کی درخواست دینے کے لیے ضروری کاغذات جمع کرنے اور ایک تصویر حاصل کرنے کے عمل میں، حراست میں موجود نوجوانوں کی مدد کر رہا ہے۔ جب DMV ٹرانزیکشن پر کارروائی کر لیتا ہے، تو ID براہ راست اصلاحی سہولت گاہ کو براہِ راست ارسال کر دیا جاتا ہے تاکہ یہ فرد کو دستیاب ہو۔

DOCCS زیرحراست اہل افراد کو اپنے ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید میں بھی مدد دینے کی خاطر براہ راست DMV کے ہمراہ کام کر رہا ہے۔ یہ انہیں رہائی کے بعد کسی DMV دفتر میں دوبارہ درخواست دیے بغیر ڈرائیونگ کرنے کے اپنے استحقاق کو واپس حاصل کرنے کے قابل کرتا ہے۔ DMV اور DOCCS یہ یقینی بنانے کے لیے مل جل کر کام کر چکے ہیں کہ وہ افراد جو کہ لائسنس کی تجدید کے اہل ہیں، DOCCS سہولت گاہ میں قیام کے دوران ہی ان کی آنکھ کا درکار امتحان ہو سکے اور وہ تجدید کروا سکیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں